پرنسپل جناب محمد زاہد خورشید نے باری باری تمام مہمانان گرامی کا تقریب تقسیم انعامات میں اپنی آمد سے رونق بخشنے پر شکریہ ادا کیا اور انہیں اُثریہ ایجوکیشن سسٹم میں دینی اور دنیاوی تعلیمی سرگرمیوں کے بارے میں آگاہ کیا۔

آخر میں تقریب کے مہمان خصوصی ممتاز مذہبی سکالر الشیخ ابراہیم خلیل الفصلی نے دنیاوی تعلیم کے ساتھ دینی تربیت کی اہمیت کو اجاگر کیا اور آگاہ کیا کہ اچھی تعلیم ہی کامیابی کی کنجی ہے اور اچھی تعلیم کیلئے اُثریہ ایجوکیشن سسٹم کے زیرنگرانی چلنے والے تمام کیمپسز بہترین درسگاہیں ہیں، مزید کہا کہ یہ بڑے اعزاز کی بات ہے کہ جہلم میں رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کی سربراہی میں جامعہ کے اندر دونوں تعلیموں کو ایک ہی چھت تلے اکٹھا کر دیا گیا ہے جہاں یہ طلبا مستقبل میں ایک دینی سکالرز ہونے کے ساتھ ساتھ ڈاکٹر وانجینئر بھی بنیں گے۔ آخر میں تمام شعبہ جات میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے بچوں میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ اس پُروقار تقریب کا اختتام رئیس الجامعہ کی دُعائے خیر سے ہوا، آخر میں مہمانوں کی ضیافت بھی کی گئی۔

جامعہ علوم اُثریہ کا 16 واں سالانہ فری آئی کیمپ

اسلام صرف عبادات کا ہی مذہب نہیں بلکہ یہ کامل دین ہے جس میں عبادات کے ساتھ ساتھ بنی نوع انسان کی سماجی خدمت پر بھی بہت زور دیا گیا ہے۔ اس سلسلہ میں ادارہ نے جہاں دینی وعصری علوم کی ترویج و اشاعت اور نوجوانوں کی تعلیم و تربیت کیلئے بین الاقوامی ادارہ ''جامعہ علوم اُثریہ'' قائم کر رکھا ہے۔ جہاں سے ہر سال ہزاروں کی تعداد میں طلبہ و طالبات دینی، دنیوی اور جدید علوم سے بہرہ مند ہوتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ جامعہ علوم اُثریہ نے عوام الناس کی فلاح و بہبود کے متعدد منصوبے شروع کر رکھے ہیں اور اسی سلسلہ میں ہر سال ''البصر انٹرنیشنل فاؤنڈیشن'' اور ''الابراہیم آئی ہسپتال کراچی'' کے تعاون سے جامعہ علوم اُثریہ جہلم میں سالانہ فری آئی کیمپ کا انعقاد کرتے ہیں۔

ان خیالات کا اظہار جامعہ علوم اُثریہ جہلم کے مہتمم اور مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے نائب امیر حافظ عبدالحمید عامر فاضل مدینہ یونیورسٹی نے یہاں جامعہ علوم اُثریہ جہلم میں 16 ویں سالانہ فری آئی کیمپ کی افتتاحی تقریب میں موجود معززین، اساتذہ، طلبہ، سماجی و سیاسی کارکنوں، مریضوں اور ان کے ہمراہ آنے والے لوگوں کے ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جن میں مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق، نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی (فاضل مدینہ یونیورسٹی)، چیئرمین بلدیہ راشد ندیم مرزا، عبدالرشید بٹ سیکرٹری جنرل مرکزی انجمن تاجران جہلم، ڈاکٹر شاہد تنویر جنجوعہ سابقہ ای ڈی او ہیلتھ، ارشد محمود زرگر، صدیق احمد یوسفی، سیٹھی محمد ارشد، شکیل احمد سیٹھی، عامر نثار، عامر ایوبی، چوہدری احتشام الحق، عامر سلیم علوی

کے علاوہ دیگر کئی معززین بھی موجود تھے۔ حافظ عبدالحمید عامر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہر سال بین الاقوامی شہرت کے حامل ڈاکٹروں کی ٹیم یہاں ہزاروں مریضوں کا فری چیک اپ کرتے ہیں۔ مریضوں کو عینکیں اور دوائیں مفت فراہم کی جاتی ہیں اور آپریشن کے قابل مریضوں کی آنکھوں کا مفت آپریشن کیا جاتا ہے۔ الحمدللہ آج تک کئے گئے تمام آپریشن کامیاب رہے۔ تمام مریضوں کی آنکھوں میں آئی اوایل (لینز) بھی فری ڈالا جاتا ہے، مریضوں اور لواحقین کیلئے رہائش اور خوراک کا بھی فری انتظام کیا جاتا ہے اس موقع پر حافظ عبدالحمید عامر نے مخیّر حضرات کے عملی اور مالی تعاون کا شکریہ ادا کیا۔ یاد رہے کہ اس کیمپ کے انتظامات میں جامعہ علوم اُثریہ کے اساتذہ وطلبہ اور جامعہ اُثریہ للبنات کی معلمات وطالبات کے علاوہ انجمن اہل حدیث، اہل حدیث یوتھ فورس، اہل حدیث سٹوڈنٹس فیڈریشن جہلم کے رضا کار لوجہ اللہ مریضوں کی دن رات خدمت کرکے ان کی دعائیں لیتے ہیں۔ اس موقع پر سینئر سرجن آئی سپیشلسٹ ڈاکٹر عارف شاہ، نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی، ڈاکٹر شاہد تنویر جنجوعہ اور عبدالرشید بٹ نے خطاب کیا۔

جامعہ سلفیہ ابوبکر اہل حدیث بن خرماں (میرپور) میں 12 ویں سالانہ سیرت تاجدار انبیاء ﷺ کانفرنس

مورخہ 24 مارچ بروز جمعۃ المبارک بعد نماز عشاء جامعہ سلفیہ ابوبکر اہل حدیث بن خرماں میں 12 ویں سالانہ عظیم الشان تاجدار انبیا ﷺ کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوئی۔ مہمان خصوصی حضرت مولانا محمد ابراہیم میرپوری چیئرمین اسلامک ویلفیئر ٹرسٹ یوکے تھے جبکہ پروگرام کی سرپرستی حضرت مولانا عبدالعزیز خلیل بانی جامعہ ہذا نے کی، اسٹیج سیکرٹری کے فرائض قاری شبیر احمد سلفی نے سرانجام دیئے، کانفرنس سے مولانا عثمان شاکر اور مولانا حافظ محمد یوسف پسروری نے خطاب کیا۔

جامع مسجد محمدی اہل حدیث بلکسر ضلع چکوال میں عظیم الشان دعوت اہل حدیث کانفرنس

مورخہ 16 مارچ بروز جمعرات بعد نماز مغرب جامع مسجد محمدی اہل حدیث بلکسر ضلع چکوال میں پانچویں سالانہ عظیم الشان دعوت اہل حدیث کانفرنس مولانا سجاد الرحمٰن ابراہیم کی امارت میں منعقد ہوئی جس کی صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے کی۔ کانفرنس سے مولانا عبدالمنان راسخ (فیصل آباد) مولانا سید عتیق الرحمٰن شاہ محمدی امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث راولپنڈی اور مولانا حافظ عدیل گرجاکھی (گوجرانوالہ) نے خطاب کیا۔ آخر میں شیخ الحدیث مولانا الطاف الرحمٰن جوہر نے قرآن وحدیث کی روشنی میں سوالات کے مفصل جواب دیئے۔